13686-اصحاب کھف کے واقعہ میں کتے کے ذکر کا کیا فائدہ ہے

سوال

اصحاب کھف کے واقعہ میں کتے کے ذکر کا فائدہ کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

شیخ شنقیطی رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں :

اللہ سبحانہ وتعالی کا اپنی کتاب میں اصحاب کھف کی شان بیان کرتے ہوئے اس کتے کا ذکر کرنا اوراس کا غار کی چوکھٹ پر پاؤں پھیلائے ہوئے ہونا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اچھے لوگوں کی صحبت کا بہت عظیم فائدہ ہے ۔

ابن کثیر رحمہ اللہ تعالی اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں :

ان کا کتا بھی اس برکت میں شامل ہوا اس حالت میں انہیں جونیند آئی اس کتے کو بھی اسی طرح نیند حاصل ہوئی ، اوراچھے لوگوں کی صحبت کا یہی فائدہ ہے ، جس کی بنا پر اس کتے کا بھی ان لوگوں ساتھ ذکراور شان ومقام ہوا ۔ اھ

اوراسی معنی پر انس رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان بھی دلالت کرتا ہے آپ نے اس شخص فرمایا جس نے یہ کہا تھا کہ میں اللہ تعالی اوراس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہوں ، توفرمایا ، تواس کے ساتھ ہی ہوگا جس سے محبت کرتا ہے ۔ بخاری ومسلم ۔

تواس یہ سمجھا جاسکتا ہے کہ برے لوگوں کی صحبت میں نقصان اور ضرر عظیم ہے ، جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی نے سورۃ الصافات میں بیان کیا ہے :

.{ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا کہ میرا ایک دوست تھا ، جو (مجھ سے) کہا کرتا تھا کہ کیا تو (قیامت کے آنے کا) یقین کرنے والوں میں سے ہے ؟ ، کیا جب کہ ہم مر کر مٹی اورہڈی ہوجائیں گے کیا اس وقت ہم جزا دیئے جانے والے ہیں ؟ وہ کہے گا تم جھانک کر دیکھنا چاہتے ہو؟ ، جھانک کر دیکھے گا تو اسے جہنم کے بیچوں بیچ جلتا ہوا دیکھے گا ، کہے گا واللہ ! قریب تھا کہ تو مجھے بھی برباد کردیتا ، اگر میرے رب کا احسان نہ ہوتا تو میں بھی درزخ میں حاضر کئے جانے والوں میں ہوتا }. الصافات (51–57) . .